© rasailojaraid.com


**اخبار وآثار**

# الشریعہ اکادمی کی سرگرمیاں

☆ دسمبر ۲۰۱۳ء/جنوری ۲۰۱۴ء میں اکادمی کے زیر اہتمام دینی مدارس کے طلبہ کے لیے جامع مسجد شیرانوالہ باغ گوجرانوالہ میں ۴۰ روزہ عربی بول چال کورس کا، جبکہ جنوری تا مارچ ۲۰۱۴ء کے دوران میں انگریزی بول چال کورس کا انعقاد کیا گیا۔

☆ ۲۳ فروری کو مولانا زاہد الراشدی نے الشریعہ اکادمی میں پندرہ روزہ فکری نشست سے خطاب کیا۔ حالیہ نشستوں میں ''تصوف اور عصر حاضر'' کے عنوان پر تسلسل سے گفتگو جاری ہے۔

☆ برصغیر کے ممتاز سیرت نگار ومحقق ڈاکٹر محمد یاسین مظہر صدیقی ۷ اور ۸ مارچ بروز جمعہ وہفتہ گوجرانوالہ کے دو روزہ دورے پر تشریف لائے۔ اس دوران میں انھوں نے گفٹ یونیورسٹی گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقدہ سیرت سیمینار میں خطاب کرنے کے علاوہ وزیر آباد میں گورنمنٹ ظفر علی خان ڈگری کالج کے شعبہ علوم اسلامیہ کے زیر اہتمام منعقد کیے گئے سیرت سیمینار میں کلیدی خطبہ دیا، جبکہ ۸ مارچ کو الشریعہ اکادمی میں علماء وطلبہ کی ایک مختصر نشست میں 'سیرت نگاری کے جدید اور عصری تقاضے'' کے عنوان پر گفتگو فرمائی۔

☆ ۱۸ مارچ کو الشریعہ اکادمی میں جمعیت علماءِ اسلام (س) کے مرکزی نائب امیر اور گوجرانوالہ کے سابق ڈپٹی مئیر میاں محمد عارف ایڈووکیٹ کی وفات پر تعزیتی نشست مولانا عبد الرؤف فاروقی صاحب کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں مولانا زاہد الراشدی، مولانا محمد رمضان علوی، مولانا مفتی محمد سیف الدین، میاں محمد طارق ایڈووکیٹ، میاں فضل الرحمٰن چغتائی اور جناب محمد فاروق شیخ نے خطاب کیا۔ میاں صاحب مرحوم کی دینی وملّی خدمات پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

☆ اکادمی کے زیر انتظام مدرسۃ الشریعہ میں زیر تعلیم درسِ نظامی سالِ سوم کے طلبہ مارچ کے دوران میں گوجرانوالہ بورڈ کے تحت دسویں جماعت کے امتحانات سے فارغ ہو گئے جبکہ سالِ دوم کے طلبہ کے نویں جماعت کے امتحانات جاری ہیں۔

☆ الشریعہ اکادمی کے زیر انتظام مدرسۃ الشریعہ، سالِ سوم کے طالبِ علم محمد امتیاز اور محمد ابو بکر صدیق نے پاک انسٹیٹیوٹ فار پیس سٹڈیز کے زیر اہتمام تعلیم کے موضوع پر منعقد ہونے والے مقابلۂ مضمون نویسی میں حصہ لیا اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اعزازی اسناد کے حقدار قرار پائے۔

---

اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی نے گزشتہ ماہ کے دوران میں مختلف شہروں میں درج ذیل تقریبات اور مجالس میں شرکت اور خطاب کیا:

☆۲۱ فروری کو جامع مسجد چمن شاہ میں بعد نمازِ مغرب عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی تربیتی نشست سے خطاب۔

☆۲۲ فروری بعد نمازِ عشاء تلونڈی کھجوروالی میں شہداء کانفرنس سے خطاب۔

☆ ۲۳ فروری کو چیمبر آف کامرس گوجرانوالہ کے ہال میں بزمِ حفاظ قرآنِ کریم گوجرانوالہ کے زیر اہتمام تحفیظ القرآن کے سالانہ پروگرام سے خطاب۔

☆۲۳ فروری کو مغرب کے بعد جامعہ فاروقیہ، شیخوپورہ میں ایک دینی اجتماع سے خطاب۔

☆ ۲۵ فروری کو ظہر کے بعد جامعہ تعلیماتِ اسلامیہ، فیصل آباد میں تحریکِ انسدادِ سود کے موضوع پر منعقدہ سیمینار کی صدارت۔ سیمینار میں سرکردہ علماء کرام، تاجر حضرات اور بینکنگ سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے شرکت کی جبکہ ڈاکٹر زاہد اشرف، مولانا ارشاد الحق اثری، مولانا مفتی محمد زاہد، مولانا یاسین ظفر، جناب حامد اشرف، جناب معظم خلیل، جناب محمود احمد کمبوہ، جناب محمد آفاق شمسی اور پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر نے خطاب کیا۔

☆ ۲۵ فروری کو مغرب کے بعد ادارہ مرکزیہ دعوت وارشاد، چنیوٹ میں سالانہ فتح مباہلہ کانفرنس سے خطاب۔

☆۲۶ فروری کو ایوانِ اقبال، لاہور میں انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کی سالانہ عالمی فتح مباہلہ کانفرنس سے خطاب

☆۲۷ فروری کو بعد نمازِ مغرب گکھڑ کے قریب بستی کولار میں حفاظ کی دستار بندی کے ایک پروگرام سے خطاب۔

☆۲۸ فروری کو دار العلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار، راولپنڈی میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب۔

☆۲۸ فروری کو جامعہ رحمانیہ، ماڈل ٹاؤن ہمک، اسلام آباد میں سودی نظام کی نحوست کے موضوع پر گفتگو۔

☆ یکم مارچ کو فیصل مسجد، اسلام آباد کے اقبال ہال میں اتحادِ امت کانفرنس سے خطاب۔

☆ یکم مارچ کو مارگلا ٹاؤن اسلام آباد میں ''وسطی ایشیا میں فقہ حنفی کے ارتقاء'' کے موضوع پر پروفیسر ڈاکٹر رفیع الدین احمد کی تصنیف کی تعارفی تقریب میں شرکت۔ یہ کتاب جامعہ کراچی میں ڈاکٹر نثار احمد صاحب کی نگرانی میں ڈاکٹریٹ کے مقالہ کے طور پر لکھی گئی اور چھ سو سے زائد صفحات پر مشتمل ضخیم کتاب کی صورت میں شائع ہوئی ہے۔ تعارفی تقریب میں آزاد کشمیر کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا محمد اسحاق خان المدنی اور علامہ اقبالؒ اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے وائس چانسلر جناب ڈاکٹر علی اصغر چشتی بھی شریک تھے۔

☆ یکم مارچ کو جامعہ رحمانیہ ماڈل ٹاؤن ہمک اسلام آباد میں سودی نظام کے خلاف مہم کے سلسلہ میں عمومی نشست میں شرکت۔ نشست سے شریعہ اکیڈمی اسلام آباد کے سابق ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی اور پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری حافظ سید علی محی الدین نے بھی خطاب کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ ۲ مارچ کو شاہدرہ لاہور میں ظہر کے بعد علامہ ڈاکٹر خالد محمود کے ادارہ جامعہ ملیہ کے سالانہ پروگرام میں حضرت شیخ عبدالقدر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی شخصیت و کردار کے موضوع پر خطاب۔

☆ ۷ مارچ کو مغل چوک گوجرانوالہ میں دینی مدرسہ کے جلسہ سے خطاب۔

☆ ۸ مارچ کو چوک یادگار شہداء لاہور میں جامعہ حنفیہ قادریہ کے سالانہ جلسہ سے خطاب۔

☆ ۱۰ مارچ کو اسلام آباد ہوٹل اسلام آباد میں ''مجلس صوت الاسلام پاکستان'' کے زیر اہتمام ''تربیت علماء کورس'' کے فضلاء میں تقسیم اسناد کی محفل میں شرکت۔ مجلس کے چیئرمین مولانا مفتی ابو ہریرہ محی الدین، مولانا عبدالقیوم حقانی، ڈاکٹر سعد صدیقی، ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی، ڈاکٹر دوست محمد، سینیٹر طلحہ محمود، جناب خورشید احمد ندیم، ڈاکٹر طاہر حکیم، اور دیگر سرکردہ علماء کرام اور ارباب دانش کے علاوہ اسلام آباد میں رابطہ عالم اسلام کے ڈائریکٹر جنرل الشیخ عبدہ محمد بن ابراہیم عتین نے بھی خطاب کیا۔ بزرگ عالم دین حضرت مولانا محمد اسحاق مدنی کی دعا پر یہ محفل اختتام پذیر ہوئی۔

☆ ۱۵ مارچ کو اسلام آباد میں انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز کے سالانہ اجلاس میں شرکت اور مغرب کے بعد مرکزی جامع مسجد ابوبکر رضی اللہ عنہ، جی-الیون-ون میں سودی نظام کے خلاف نشست سے خطاب۔

☆ ۱۶ مارچ کو ظہر کے بعد جامعہ قاسمیہ گوجرانوالہ میں وفاق المدارس العربیہ کے ڈویژنل اجلاس کی صدارت۔

☆ ۲۰ مارچ کو روڈو سلطان ضلع جھنگ میں شیخ العلماء حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلوی قدس اللہ سرہ العزیز کے ادارے ''خانقاہ بہلویہ'' میں خانقاہ شریف کے سالانہ اجتماع میں شرکت اور گفتگو۔

☆ ۲۰ مارچ کو عشاء کے بعد احمد پور سیال کی قدیمی درسگاہ جامعہ شمسیہ فخر المدارس کے سالانہ جلسہ کی ایک نشست میں سیرت نبویؐ کے موضوع پر خطاب۔ اس موقع پر اتحاد اہل سنت کے نومنتخب سیکرٹری جنرل مولانا مفتی شاہد مسعود کے ساتھ ملاقات اور ملک میں مسلکی جدوجہد کے حوالہ سے مختلف امور پر تبادلۂ خیالات ہوا۔

☆ ۲۳ مارچ اتوار کو خوشاب میں ایک نئی مسجد کا سنگ بنیاد رکھنے کی سعادت۔

☆ ۲۳ مارچ ظہر کے بعد دوسری جامع مسجد صدیق اکبرؓ میں ''نظریہ پاکستان اور تحفظ مدارس دینیہ'' کے عنوان سے کانفرنس میں شرکت۔

☆ ۲۴ مارچ کو جلال پور جٹاں ضلع گجرات میں مولانا قاری میاں احمد صاحب کے مدرسہ جامعہ انوار القرآن کی سالانہ تقریب میں طلبہ کی دستار بندی اور سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے خطاب۔

الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ کی علمی وفکری سرگرمیوں، مولانا ابوعمار زاہد الراشدی کے نئے مضامین اور ماہنامہ الشریعہ و دیگر مطبوعات کے متعلق تازہ ترین معلومات سے مستقل طور پر آگاہ رہنے کے لیے Add Alsharia لکھ کر 9900 پر میسج کریں۔



© rasailojaraid.com